انیسواں اجلاس، دسویں نشست

پنجاب اسمبلی

پنجاب اسمبلی میں فقط نصف ایجنڈا زیرِ غور آسکا

اسلام آباد، ۱۱ فروری ۲۰۱۶: پنجاب صوبائی اسمبلی کے انیسویں اجلاس کی دسویں نشست میں فہرستِ کار پر شامل نصف امور زیرِ غور نہ آسکے۔

ایوان کی کارروائی کے خاص نکات

- نشست کا دورانیہ دو گھنٹے چودہ منٹ رہا۔
- نشست کا آغاز طے شدہ وقت دس بجے کی بجائے بارہ بج کر پینتالیس منٹ پر ہوا۔
- سپیکر کی غیر حاضری کے باعث تمام وقت نشست کی صدارت ڈپٹی سپیکر نے کی۔
- قائدِ ایوان (وزیرِ اعلیٰ) اجلاس میں شریک نہ ہوئے۔
- قائدِ حزبِ اختلاف تیرہ منٹ اجلاس کی کارروائی میں حاضر رہے۔
- نشست کے آغاز پر ایوان میں موجود اراکین کی تعداد ستّر (اٹھارہ فیصد) جبکہ اختتام پر ستائیس (سات فیصد) پائی گئی۔
- جماعت اسلامی اور پیپلز پارٹی کے پارلیمانی قائدین نے اجلاس میں شرکت کی۔
- چار اقلیتی رکن بھی شریک ہوئے۔

کارکردگی

- ایوان نے پنجاب ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ترمیمی) بل ۲۰۱۵ کی منظوری دی۔ حزبِ اختلاف کے چار اراکین اور صوبائی وزیرِ قانون نے اٹھارہ منٹ اس مسوّدے پر بحث کی۔
- فہرستِ کار میں شامل ایک قانونی مسوّدہ اور قواعد میں مجوّزہ ترامیم زیرِ غور نہ آسکیں۔

نمائندگی و جوابدہی

- حکومت نے ایجنڈے میں شامل تینتیس نشاندہ سوالات میں سے گیارہ کے زبانی جوابات ایوان میں دیے جبکہ تین سوالات متعلقہ اراکین کی غیر حاضری کے باعث زیرِ غور نہ آسکے۔ بقیہ سوالات کے زبانی جوابات وقت کی کمی کے باعث نہیں دیے گئے۔ اراکین نے چھبیس ضمنی سوالات بھی دریافت کئے۔
- حکومت نے سول اسپتال گوجرانوالہ کی حالتِ زار سے متعلق ایک تحریکِ التوا کا جواب دیا۔
- صوبائی وزیرِ قانون نے تحریک انصاف کی ایک رکن کے جمع کرائے گئے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب بھی دیا جبکہ ایک توجہ دلاؤ نوٹس متعلقہ رکن کی غیر حاضری کے باعث زیرِ غور نہ آسکا۔
- صوبائی وزیرِ زراعت نے زراعت اور گنّے کے کاشتکاروں کے مسائل پر بحث کو سمیٹتے ہوئے چھبیس منٹ تک اظہارِ خیالات کیا۔

نظم وضبط

- جماعتِ اسلامی کے واحد رکنِ اسمبلی نے بہاولپور کے فنڈز اورنج ٹرین منصوبے میں خرچ کیے جانے کے خلاف واک آوٹ کیا۔ ان کی ایوان میں واپسی انیتس منٹ کے بعد ہوئی۔
- پاکستان مسلم لیگ ن کے ایک رکنِ اسمبلی کی جانب سے سوال کا غلط جواب دیے جانے سے متعلق جمع کرائی گئی ایک تحریک استحقاق متعلقہ کمیٹی کو بجھوادی گئی۔

شفافیت

- ایجنڈے کی نقول تمام اراکین، مشاہدہ کاروں اور دیگر کیلیئے دستیاب تھیں۔
- اراکین کی حاضری کی تفصیل مشاہدہ کاروں اور ذرائع کیلیئے دستیاب تھی۔

(یہ فیکٹ شیٹ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک کی شریک کار تنظیم پتن کی جانب سے پنجاب اسمبلی کی کاروائی کے براہ راست مشاہدے پر مبنی ہے۔ ادارہ ممکنہ غلطی یا کوتاہی پر پیشگی معذرت خواہ ہے۔)